Serial Number

| E-806-U | Roll No. ........................................ |
|---|---|
| Higher Secondary Examination (Regular) - 2020 | |

# اردو جنرل

# URDU (General)

| Total Questions : 28 | Total Printed Pages : 8 | Time : 3 Hours | Maximum Marks : 100 |
|---|---|---|---|

نوٹ : یہ سوالنامہ بارہویں جماعت کی کتاب 'گلشنِ اردو' کے نئے ایڈیشن 18-2017 سے تیار کیا گیا ہے۔

ہدایات :

(i) ہر ایک سوال کا جواب تحریر کریں۔

(ii) جن سوالوں میں 'یا' کر کے سوال دیے گئے ہیں ان میں سے کسی ایک کا جواب لکھیں۔

(iii) سبھی سوال کے مقررہ نمبر اُن کے سامنے درج ہیں۔

(iv) املا اور خوشخطی کا خیال رکھیں۔

(v) مختصر سوال کے جواب 25 سے 30 الفاظ میں دیں۔

(vi) سوال نمبر 1 سے سوال نمبر 5 تک معروضی سوال ہیں۔

سوال 1: صحیح جواب کا انتخاب کیجیے : [5]

(i) مفرد کلموں یا جملوں کو آپس میں جوڑنے والے حروف کہلاتے ہیں :

(i) حروفِ ربط (ii) حروفِ عطف

(iii) حروفِ ندائیہ (iv) حروفِ فجائیہ

(ii) فارسی شعر وادب کو سرپرستی حاصل تھی :

(i) مراٹھوں کی (ii) آریوں کی

(iii) مغلوں کی (iii) راجپوتوں کی

(iii) رام داس کے بیٹے تھے :

(i) چھ (ii) تین

(iii) چار (iv) پانچ

(iv) سن 1968 میں فراقؔ کو ایوارڈ ملا۔

(i) گیان پیٹھ (ii) پدم شری

(iii) پدم بھوشن (iv) وبھوشن

(v) شفاؔ گوالیاری 1947ء کے انقلاب میں ہجرت کر کے آ گئے :

(i) بھوپال (ii) گوالیار

(iii) فرخ آباد (iv) الٰہ آباد

سوال 2: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہیں پُر کیجیے : [5]

(یاد، ولایت، تہذیب، مشترکہ کلچر، ہندوستان]

(i) بس ایک اور بڑی لام لگ جائے تو کراچی ............... بن جائے۔

(ii) انہوں نے عہد کیا تھا کہ وہ غلام ............... ہیں واپس نہیں جائیں گے۔

(iii) ہم کو اپنے لڑکپن کا زمانہ اچھی طرح ............... ہے۔

(iv) اردو نے مخلوط اور ............... سے اپنے آپ کو کبھی الگ نہیں کیا۔

(v) آج بھی ایک زبان نہیں بلکہ ایک ............... کے طور پر اس کی مقبولیت قائم ہے۔

سوال 3: صحیح یا غلط کی نشاندہی کیجیے : [5]

(i) بودھ راج ایک سیدھا سادا لڑکا تھا۔ (   )

(ii) وہ جب چُھٹیوں میں گھر آتی تو اسے بہت خوشی ہوتی۔ (   )

(iii) عتیق اللہ نے غزل کے میدان میں نئے راستے تلاش کیے۔ (   )

(iv) جو آکے نہ جائے وہ بڑھاپا دیکھا۔ (   )

(v) یہ ایک تبسم بھی کسے ملتا ہے۔ (   )

سوال 4: درج ذیل سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھیے: [5]

(i) مصنف کے ساتھی کس چیز سے ڈرتے تھے؟

(ii) انسان کی طبیعت کو کس نے بنایا ہے؟

(iii) غزل میں شاعر کے دل کو کس کا سہارا ہے؟

(iv) سیتا کس کے چرنوں کی ریکھا ہے؟

(v) ریل کس جگہ سے دمادم کوندتی نکلی؟

سوال 5: صحیح جوڑیاں ترتیب دے کر لکھیے: [5]

| | 'الف' | | 'ب' |
|---|---|---|---|
| (i) | پیڑ پر چڑھ کر | (i) | جگنوؤں کی بارش |
| (ii) | بنگلے میں منتقل ہو گئے | (ii) | گھونسلے کو تباہ کر دینا |
| (iii) | نظم کی قسمیں | (iii) | سیتا جی کی آہ وزاری |
| (iv) | درگا سہائے سرورؔ | (iv) | جو شہر کے بیرونی علاقے میں واقع تھا۔ |
| (v) | برسات کی رات | (v) | چار ہیں۔ |
| | | (vi) | تین ہیں۔ |

سوال 6: بابا نور نے لڑکی کو کیا دعائیں دیں اور کب دیں؟ [2]

'یا'

بودھ راج نے مینا کے بچّوں کو مع گھونسلے کہاں منتقل کیا؟

سوال 7: حمرا کو اپنے باپ پر رحم کیوں آتا تھا؟ [2]

'یا'

مصنف کون کون سے مضامین ایک ساتھ پڑھنے کا مشورہ دے رہا ہے؟

سوال 8: وقت کی تلافی کیوں ممکن نہیں ہے؟ [2]

'یا'

تورمہ سے متعلق مصنف نے کیا مزاج پیدا کیا ہے؟

نوٹ: ذیل کے اقتباس کو بغور پڑھیے اور نیچے لکھے سوال نمبر 11-10-9 کے جواب لکھیے۔

اقتباس: ہم کو اپنے لڑکپن کا زمانہ اچھی طرح یاد ہے۔ جب ہم مدرسے میں داخل ہوئے تھے اور دس مہینے بعد ہمارا امتحان ہوا تھا۔ ہم اور ہمارے سب ہی ساتھی امتحان کے نام سے اتنا ڈرتے تھے جتنا کوئی شیر کے تصوّر سے ڈر سکتا ہے۔ چھوٹے چھوٹے کئی امتحان دیے لیکن وہ امتحان کا ڈر نہ نکلنا تھا نہ ہمارے دل سے نکلا۔

سوال 9: اس اقتباس کے سبق اور مصنف کا نام لکھیے۔ [2]

سوال 10: امتحان کتنے مہینے بعد ہوا تھا؟ [2]

سوال 11: اس عبارت کی سلیس اردو کر کے لکھیے۔ [2]

سوال 12: بابا نور کا حلیہ اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔ [4]

'یا'

اخبار میں نتیجہ کا نمبر نہ ملنے پر مصنف کی کیا کیفیت ہوتی ہے؟

سوال 13: درج ذیل میں سے کسی ایک مصنف کی سوانح حیات لکھیے۔ [4]

(i) احمد ندیم قاسمی

(ii) جہاں قدر چغتائی

(iii) مولوی نذیر احمد

سوال 14: ذیل میں سے کوئی دو شعر کی تشریح کیجیے: [4]

(i) ان لبوں نے نہ کی مسیحائی

ہم نے سو سو طرح سے مر دیکھا

(ii) دل دھڑکتے ہی پھر گئی وہ نظر
لب تک آئی نہ تھی کہ بات گئی

(iii) باقی رہا تھا زندہ دلوں میں بس اک شکیل
وہ بھی غمِ فراق کا مارا ہے آج کل

سوال15: شاعر نے بدن جان سے خالی ہونے کی کیا وجہ بیان کی ہے؟ [2]

'یا'

زندگی کی رونق کب چلی جاتی ہے؟

سوال16: غزل میں شاعر کے دل کو کس کا سہارا ہے؟ [2]

'یا'

فراقؔ نے شرحِ حیات کسے کہا ہے؟

سوال17: شاعر نے جگنو کو ہیرا کیوں کہا ہے؟ [2]

'یا'

آتشِ نفس کس کے لیے کہا گیا ہے؟

سوال18: جوشؔ نے اپنی رباعی میں زندگی کی کس حقیقت کو اجاگر کیا ہے؟ [4]

'یا'

محرومؔ نے اپنی رباعی میں کیا پیغام دیا ہے؟

سوال19: اپنی درسی کتاب سے کسی بھی نظم کے ایسے چار مصرعے (چار لائنیں) لکھیے جو اس پرچہ میں نہ آئے ہوں۔ [4]

سوال20: اردو کی تاریخ کتنی پرانی ہے؟ [2]

'یا'

اہلِ دکن بڑے پیمانے پر کون سی زبان استعمال کرتے تھے؟

سوال21: بیٹوں کا جھگڑا کس بات پر ہوا تھا؟ [2]

'یا'

راہ گیر رام داس کے پاس بیٹھ کر کیا کرتے تھے؟

سوال22: درج ذیل الفاظ کی ضد لکھیے: (کوئی چار) [2]

بڑھاپا۔ چمن ۔ فانی ۔ نیک ۔ نثر۔ سُست ۔ خامی

'یا'

درج ذیل جملوں کی اصلاح کیجیے: (کوئی دو)

(i) اصتاد کا ادب کرنا چاہیے۔

(ii) آج میں باجار جاؤں گا۔

(iii) ہمیں وکت کی پابندی کرنا چاہیے۔

سوال23: ذیل میں لکھے الفاظ کے معنی لکھیے: (کوئی چار) [2]

تلافی ۔ پیری ۔ اعتدال ۔ تعظیم ۔ جگ ۔ بدن

'یا'

درج ذیل مذکر الفاظ کے مؤنث بنایئے: (کوئی چار)

شہر۔ دھوبی ۔ ملازم ۔ والد ۔ بیٹا ۔ خادم ۔ عالم

سوال24: درج ذیل رموزِ اوقاف کی علامتوں کے نام لکھیے: (کوئی دو) [4]

(۔) ، (“ ”) ، (:) ، (،)

'یا'

تشبیہ کی تعریف مع مثال لکھیے۔

سوال25: درج ذیل الفاظ میں 'بے' لگا کر سابقے بنایئے: [5]

ادب ، غیرت ، حد ، گھر ، سبب

'یا'

ہم معنی الفاظ لکھیے :

غم ، زندگی ، بشر ، رات ، صفت

سوال26 : اپنی اسکول کے پرنسپل صاحب کو ٹی۔سی (ٹرانسفر سرٹیفکٹ) جاری کرنے کے لیے درخواست لکھیے۔ [5]

'یا'

بہن کی شادی میں شریک ہونے کے لیے اپنے دوست کو خط لکھیے۔

سوال27 : ذیل کے عنوانات میں سے کسی بھی ایک عنوان پر تقریباً 300 الفاظ میں مضمون لکھیے۔ [10]

(i) بڑھتی ہوئی آبادی کا مسئلہ

(ii) میرا دلچسپ مشغلہ

(iii) سائنس کے کرشمے

(iv) پسندیدہ شخصیت حکیم اجمل خان

(v) کوئی قومی تہوار

سوال28 : نیچے لکھی غیر درسی عبارت کو پڑھ کر پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ [5]

''امیر خسروؔ اتر پردیش کے ضلع ایٹہ کے پٹیالی گاؤں میں 1253ء میں پیدا ہوئے۔ ان کا پورا نام ابوالحسن یمین الدین خسروؔ تھا۔ انہوں نے کم عمری میں ہی سارے درسی علوم حاصل کر لیے۔ انہیں دینی اور دنیاوی دونوں علوم پر کمال حاصل تھا۔ زبان دانی، شاعری، نثر نگاری، موسیقی اور سپہ گری سے متعلق ان کی خدمات کو بھلایا نہیں جاسکتا۔ ادب کی کئی اصناف موسیقی کے کئی راگ اور آلات کی ایجاد کا سہرا ان کے ہی سر ہے۔''

سوالات :

(i) امیر خسروؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

(ii) امیر خسروؔ کا پورا نام کیا تھا ؟

(iii) امیر خسروؔ کو کون سے علوم پر کمال حاصل تھا ؟

(iv) امیر خسروؔ کی کن خدمات کو بھلایا نہیں جاسکتا ؟

(v) کن ایجاد کا سہرا امیر خسروؔ کے سر ہے؟